جمعہ 29 جون 2001ء

احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

C.P.L 61
روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 213029

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعہ 29 جون 2001ء 6 ربیع الثانی 1422 ہجری۔ 29 احسان 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 144

## مقام تقویٰ

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے تین مرتبہ اپنے سینہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا:

**التقوی ھٰھنا۔**

تقویٰ یہاں ہے۔ تقویٰ یہاں ہے۔ تقویٰ یہاں ہے

(صحیح مسلم کتاب البر والصلة باب تحریم ظلم المسلم حدیث نمبر 4650)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اے دوستو! یقیناً سمجھو کہ متقی کبھی برباد نہیں کیا جاتا۔ جب دو فریق آپس میں دشمنی کرتے ہیں اور خصومت کو انتہا تک پہنچاتے ہیں تو وہ فریق جو خدا تعالیٰ کی نظر میں متقی اور پرہیزگار ہوتا ہے آسمان سے اس کے لئے مدد نازل ہوتی ہے۔ اور اس طرح پر آسمانی فیصلہ سے مذہبی جھگڑے انفصال پا جاتے ہیں۔ دیکھو ہمارے سید و مولیٰ نبینا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیسے کمزوری کی حالت میں مکہ میں ظاہر ہوئے تھے۔ اور ان دنوں میں ابوجہل وغیرہ کفار کا کیا کچھ عروج تھا اور لاکھوں آدمی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمن جانی ہو گئے تھے تو پھر کیا چیز تھی جس نے انجام کار ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فتح اور ظفر بخشی۔ یقیناً سمجھو کہ یہی راستبازی اور صدق اور پاک باطنی اور سچائی تھی۔ سو بھائیو! اس پر قدم مارو اور اس گھر میں بہت زور کے ساتھ داخل ہو۔ پھر عنقریب دیکھ لوگے کہ خدا تعالیٰ تمہاری مدد کرے گا۔ وہ خدا جو آنکھوں سے پوشیدہ مگر سب چیزوں سے زیادہ چمک رہا ہے جس کے جلال سے فرشتے بھی ڈرتے ہیں۔ وہ شوخی اور چالاکی کو پسند نہیں کرتا۔ اور ڈرنے والوں پر رحم کرتا ہے سو اس سے ڈرو اور ہر ایک بات سمجھ کر کہو۔ تم اس کی جماعت ہو جن کو اس نے نیکی کا نمونہ دکھانے کے لئے چنا ہے۔ سو جو شخص بدی نہیں چھوڑتا اور اس کے لب جھوٹ سے اور اس کا دل ناپاک خیالات سے پرہیز نہیں کرتا وہ اس جماعت سے کاٹا جائے گا۔ اے خدا کے بندو! دلوں کو صاف کرو اور اپنے اندرونوں کو دھو ڈالو۔ تم نفاق اور دورنگی سے ہر ایک کو راضی کر سکتے ہو مگر خدا کو اس خصلت سے غضب میں لاؤ گے۔ اپنی جانوں پر رحم کرو اور اپنی ذریت کو ہلاکت سے بچاؤ۔ کبھی ممکن ہی نہیں کہ خدا تم سے راضی ہو۔ حالانکہ تمہارے دل میں اس سے زیادہ کوئی اور عزیز بھی ہے۔ اس کی راہ میں فدا ہو جاؤ اور اس کے لئے محو ہو جاؤ اور ہمہ تن اس کے ہو جاؤ۔ اگر چاہتے ہو کہ اسی دنیا میں خدا کو دیکھ لو۔ کرامت کیا چیز ہے اور خوارق کب ظہور میں آتے ہیں؟ سو سمجھو اور یاد رکھو کہ دلوں کی تبدیلی آسمان کی تبدیلی کو چاہتی ہے۔ وہ آگ جو اخلاص کے ساتھ بھڑکتی ہے وہ عالم بالا کو نشان کی صورت پر دکھلاتی ہے۔ تمام مومن اگرچہ عام طور پر ہر ایک بات میں شریک ہیں یہاں تک کہ ہر ایک کو معمولی حالت کی خوابیں بھی آتی ہیں اور بعض کو الہام بھی ہوتے ہیں لیکن وہ کرامت جو خدا کا جلال اور چمک اپنے ساتھ رکھتی ہے اور خدا کو دکھلا دیتی ہے۔ وہ خدا کی ایک خاص نصرت ہوتی ہے جو ان بندوں کی عزت زیادہ کرنے کے لئے ظاہر کی جاتی ہے جو حضرت احدیت میں جان نثاری کا مرتبہ رکھتے ہیں جبکہ وہ دنیا میں ذلیل کئے جاتے اور ان کو برا کہا جاتا اور کذاب اور مفتری اور بدکار اور لعنتی اور دجال اور ٹھگ اور فریبی ان کا نام رکھا جاتا ہے اور ان کے تباہ کرنے کے لئے کوششیں کی جاتی ہیں تو ایک حد تک وہ صبر کرتے اور اپنے آپ کو تھامے رہتے ہیں۔ پھر خدا تعالیٰ کی غیرت چاہتی ہے کہ ان کی تائید میں کوئی نشان دکھاوے تب یک دفعہ ان کا دل دکھتا اور ان کا سینہ مجروح ہوتا ہے۔ تب وہ خدا تعالیٰ کے آستانہ پر تضرعات کے ساتھ گرتے ہیں۔ اور ان کی دردمندانہ دعاؤں کا آسمان پر ایک صعب ناک شور پڑتا ہے۔ اور جس طرح بہت سی گرمی کے بعد آسمان پر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بادل کے نمودار ہو جاتے ہیں اور پھر وہ جمع ہو کر ایک تہ بتہ بادل پیدا ہو کر یکدفعہ برسنا شروع ہو جاتا ہے۔ ایسا ہی مخلصین کے دردناک تضرعات جو اپنے وقت پر ہوتے ہیں رحمت کے بادلوں کو اٹھاتے ہیں۔ اور آخر وہ ایک نشان کی صورت پر زمین پر نازل ہوتے ہیں۔ غرض جب کسی مرد صادق ولی اللہ پر کوئی ظلم انتہا تک پہنچ جائے تو سمجھنا چاہئے کہ اب کوئی نشان ظاہر ہوگا۔

ہر بلا کیں قوم راحق دادہ است　　زیر آں گنج کرم بنہادہ است

(رازِ حقیقت۔ روحانی خزائن جلد 14 ص 155)

## درخواست دعا

٭ محترمہ صاحبزادی امۃ الحکیم صاحبہ (بنت سیدنا حضرت مصلح موعود) اہلیہ سید داؤد مظفر شاہ صاحب بیمار ہیں اور فضل عمر ہسپتال ربوہ میں زیر علاج ہیں۔ احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے نیز بیماری کے بعد کی پیچیدگیوں سے بھی محفوظ رکھے اور صحت وسلامتی والی لمبی عمر عطا فرمائے۔ آمین

## میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل انعامی سکیم سکالرشپ 2001ء

٭ مکرم میاں محمد صدیق بانی (مرحوم) کی طرف سے ہر سال انٹرمیڈیٹ کے بورڈ کے امتحان میں پاکستان بھر میں اول پوزیشن حاصل کرنے والے احمدی طالب علم/طالبہ کو مندرجہ ذیل تفصیل کے ساتھ انعامات دیئے جائیں گے۔

امتحان انٹرمیڈیٹ سالانہ (i) پری میڈیکل (احمدی طالب علم/طالبہ علم جو پاکستان بھر میں زیادہ نمبر لے گا) (ii) پری انجینئرنگ (احمدی طالب علم/طالبہ علم جو پاکستان بھر میں زیادہ نمبر لیگا) (iii) آرٹس (احمدی طالب علم/طالبہ جو پاکستان بھر میں زیادہ نمبر لیگا)

باقی صفحہ 7 پر

## ہومیو پیتھک علمی نشست

٭ احمدیہ ہومیو پیتھک میڈیکل ریسرچ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام 29 جون شام 15-6 تا ساڑھے سات بجے ہال نصرت جہاں اکیڈمی (انٹر کالج) ربوہ میں بحوالہ ''امراض قلب'' ایک علمی نشست منعقد ہو گی۔ جس میں حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی کتاب ''ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل'' سے متعلقہ اقتباسات پیش کرنے کے بعد محترم ڈاکٹر ضیاء اللہ سیال ماہر امراض قلب کا لیکچر ہوگا۔ لیکچر کے بعد سوال وجواب کا سیشن ہوگا۔ دلچسپی رکھنے والے حضرات وخواتین سے گزارش ہے کہ براہ کرم پابندی وقت کے ساتھ شرکت فرما کر مستفید ہوں۔

(صدر ایسوسی ایشن)

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

## سوموار 2 جولائی 2001ء

| | |
|---|---|
| 5-00 a.m | تلاوت-خبریں |
| 6-00a.m | چلڈرنز کارنر |
| 7-00 a.m | ایم-ٹی-اے-یو ایس اے |
| 8-00 a.m | روحانی خزائن پروگرام |
| 8-30 a.m | فرانسیسی پروگرام |
| 9-30 a.m | چائنیز سیکھئے |
| 9-55a.m | لقاء مع العرب نمبر 348 |
| 11-05 a.m | تلاوت-خبریں-درس ملفوظات |
| 12-00 p.m | انٹرویو: ثاقب زیروی صاحب |
| 1-00 p.m | روحانی خزائن پروگرام |
| 2-00 p.m | لقاء مع العرب نمبر 348 |
| 3-00 p.m | انڈونیشین سروس |
| 4-00 p.m | چائنیز سیکھئے |
| 4-35 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 5-05 p.m | تلاوت-خبریں-درس حدیث |
| 5-30 p.m | بنگالی سروس |
| 6-30 p.m | فرانسیسی پروگرام |
| 8-00 p.m | ایم ٹی اے یو ایس اے |
| 9-00 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 9-55 p.m | جرمن سروس |
| 11-05 p.m | تلاوت- |
| 11-15 p.m | فرانسیسی پروگرام |

## منگل 3 جولائی 2001ء

| | |
|---|---|
| 12-00 a.m | لقاء مع العرب نمبر 348 |
| 1-00 a.m | ترکی پروگرام |
| 1-30 a.m | فرانسیسی پروگرام |
| 2-30 a.m | روحانی خزائن کوئز پروگرام |
| 3-30 a.m | چائنیز سیکھئے |
| 5-05 a.m | تلاوت- خبریں-درس حدیث |
| 6-00 a.m | چلڈرنز کارنر یسرنا القرآن کلاس |
| 6-25 a.m | چلڈرنز کارنر گلدستہ نمبر 40 |
| 7-00 a.m | حضور کی ترجمۃ القرآن کلاس |
| 8-15 a.m | دل کی بیماریوں سے بچاؤ: ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب |
| 8-45 a.m | بنگالی ملاقات |
| 9-40 a.m | فرانسیسی پروگرام |
| 10-05 a.m | اردو کلاس نمبر 212 |
| 11-05 a.m | تلاوت-خبریں-درس حدیث |
| 12-05 p.m | پشتو پروگرام |
| 1-00 p.m | ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب کی تقریر |
| 3-00 p.m | انڈونیشین سروس |
| 4-00 p.m | چلڈرنز کارنر گلدستہ نمبر 40 |
| 4-20 p.m | چلڈرنز کارنر یسرنا القرآن کلاس |
| 4-35 p.m | فرانسیسی پروگرام |
| 5-05 p.m | تلاوت-خبریں |
| 5-30 pm | بنگالی سروس |
| 6-30 p.m | بنگالی ملاقات |
| 7-40 p.m | دستاویزی پروگرام |
| 8-00 p.m | ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 196 |
| 9-15 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 10-00 p.m | جرمن سروس |
| 11-05 p.m | تلاوت |
| 11-20 p.m | فرانسیسی پروگرام |

## بدھ 4 جولائی 2001ء

| | |
|---|---|
| 12-00 a.m | اردو کلاس |
| 1-05 a.m | ایم ٹی اے ناروے |
| 1-30 a.m | بنگالی ملاقات |
| 2-30 a.m | دل کی بیماریوں سے بچاؤ: ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب |
| 2-55 a.m | ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 190 |
| 4-25 a.m | فرانسیسی پروگرام |
| 5-05 a.m | تلاوت-خبریں |
| 6-00 a.m | چلڈرنز کارنر-حکایات شیریں |
| 6-15 a.m | چلڈرنز کارنر-واقفین نو |
| 8-00 a.m | ایم ٹی اے لائف سٹائل |
| 8-30 a.m | اطفال کی حضور سے ملاقات |
| 9-30 a.m | لقاء مع العرب نمبر 349 |
| 10-30 a.m | اردو اسباق نمبر 53 |
| 11-05 a.m | تلاوت-خبریں |
| 12-00 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 1-00 p.m | سواحیلی پروگرام |
| 2-00 p.m | لقاء مع العرب نمبر 349 |
| 3-05 p.m | ایم ٹی اے لائف سٹائل |
| 3-30 p.m | انڈونیشین سروس |
| 4-30 p.m | اردو اسباق نمبر 53 |
| 5-05 p.m | تلاوت-خبریں |
| 5-35 p.m | بنگالی سروس |
| 6-30 p.m | اطفال کی حضور سے ملاقات |
| 8-00 p.m | دستاویزی پروگرام |
| 9-00 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 9-40 p.m | اردو اسباق نمبر 53 |
| 10-45 p.m | جرمن سروس |
| 11-05 p.m | تلاوت-فرانسیسی پروگرام |

**ایم ٹی اے کے روحانی مائدہ سے بھرپور استفادہ کیجئے**

# عرضِ احوال ہے مہرباں (ایدہ اللہ تعالیٰ) کے لئے

دور مغرب سے کس کا پیام آ گیا اہلِ مشرق کو کس کا سلام آ گیا
میرے ہونٹوں پہ کس کا یہ نام آ گیا نطق نے آج بوسے زباں کے لئے

کون یاد آ گیا کس نے تڑپا دیا' کس کی یادِ محبت نے گرما دیا
کس کی فرقت کے غم نے پریشاں کیا جاں سلگتی رہی جانِ جاں کے لئے

کس کی شیریں زباں کا یہ اعجاز ہے کس نے بخشا ہمیں ذوقِ پرواز ہے
کس کی ان چاہتوں پر ہمیں ناز ہے' دل تڑپتا ہے کس مہرباں کے لئے

کتنا ویران ہے میرا صحنِ چمن' کتنے پژمردہ ہیں یہ گل و نسترن'
نہ کوئی بانکپن ہے نہ کوئی پھبن' اک خزاں آ گئی گلستاں کے لئے

تیری فرقت کا غم اب گوارا نہیں' کوئی دنیا میں اپنا سہارا نہیں
ابھی چمکا مقدر کا تارا نہیں' کچھ مداوا ہو دردِ نہاں کے لئے

حمدِ باری کے نغمے سناتے چلو' کلمۂ حق کا پرچم اڑاتے چلو
بھولے بھٹکوں کو رستہ دکھاتے چلو ایک رحمت بنو اس جہاں کے لئے

جس کی تقریر میں سوز ہو ساز ہو ہفت افلاک تک جس کی پرواز ہو
جس کے ہر لفظ میں ایک اعجاز ہو وہ زباں بخش دے بے زباں کے لئے

کس طرح حال دل آپ سے ہو بیاں غم سے معمور ہو یہ مری داستاں
وقت نازک ہے ناساز ہے یہ سماں' المدد المدد بیکساں کے لئے

ہم کہاں اور تیری امامت کہاں ہم کہاں اور تیری قیادت کہاں
ہم کہاں اور تیری زیارت کہاں' ہم ترستے ہیں دیدار جاں کے لئے

کب مری خوش نصیبی خبر لائے گی کب تری پاک صورت نظر آئے گی
یہ دعائے سحر کب ثمر لائے گی' آہ! تسکینِ قلبِ تپاں کے لئے

جادۂ منزل حق پہ ہے گامزن اس کے آگے ہیں کیا چیز کوہ و دمن
جس کا سالار ہے اک غریب الوطن' میرے نغمے ہیں اس کارواں کے لئے

اے مرے دوستو! حق کو پہچان لو زندگی کا بھروسہ نہیں جان لو
جس کے سب منتظر تھے اسے مان لو' لمحہ فکر ہے دوستاں کے لئے

تیرے در کا گدا یہ تری خاک پا عرض پرواز ہے احسن بے نوا
شامِ غم کو ملے مژدہ جانفزا اک نگاہ کرم ناتواں کے لئے

احسن اسماعیل صدیقی

پبلشر آغا سیف اللہ- پرنٹر قاضی منیر احمد- مطبع ضیاء الاسلام پریس- مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

مرتبہ: ہومیو ڈاکٹر نصیر احمد شریف صاحب

قسط اول

# سر درد کی مختلف کیفیات اور ان کا علاج

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ''ہومیو پیتھی علاج بالمثل'' کی روشنی میں

### ایکٹیا ریسی موسا

### Actaea Racemosa

سر درد عموماً آنکھ کے ڈیلوں اور سر کے پیچھے ہوتا ہے۔ جسے دبانے سے آرام آتا ہے۔ لیکن حرکت سے بڑھ جاتا ہے۔ چکر آتے ہیں سر میں بھاری پن نمایاں ہوتا ہے نظر دھندلا جاتی ہے۔ پڑھائی، فکر اور مثانے کی تکلیفوں سے سر درد شروع ہو جاتا ہے۔ (ص16)

### ایتھوزا Aethusa

مریض سر شکنجہ میں کسا ہوا محسوس کرتا ہے سر کے پچھلے حصے میں درد جو گردن، کندھوں اور کمر میں پھیل جاتا ہے دبانے اور لیٹنے سے آرام محسوس ہوتا ہے۔ نیز اجابت اور ہوا کے اخراج کے بعد سر کی علامات کو آرام ملتا ہے۔ بال کھنچے ہوئے محسوس ہوتے ہیں، غنودگی کے ساتھ چکر آتے ہیں اور دھڑکن محسوس ہوتی ہے جب چکر ٹھیک ہو جائیں تو سر گرم ہونے لگتا ہے (ص26)

### ایگنس کاسٹس

### Agnus Caustus

ایگنس کاسٹس میں روشنی سے زود حسی کے نتیجہ میں سر درد شروع ہو جاتا ہے اگر سر میں پہلے ہی درد ہو تو روشنی ناقابل برداشت ہو جاتی ہے اور آنکھیں نہیں کھلتیں۔ (ص36)

### گریفائٹس Graphits

روشنی میں آنکھ کھولنے سے تکلیف ہوتی ہو تو ایسے درد کی بہترین دوا گریفائٹس ہے۔

(ص36)

### ایلیم سیپا Allium Cepa

ایلیم سیپا اعصابی دردوں میں بھی مفید ہے۔ اگر زکام کے ساتھ جسم میں خصوصاً چہرہ، دانت، سر اور گردن میں درد ہوں تو ایلیم سیپا ان سب کے لئے بہترین دوا ہے۔ (ص39)

### ایلومن Alumen

ایلومن میں شدید سر درد کی علامت بھی ملتی ہے جس کے ساتھ سر پر بوجھ کا احساس ہوتا ہے۔ دبانے سے آرام آتا ہے تمام عضلات میں کمزوری پائی جاتی ہے۔ تکلیفوں میں سردی سے اضافہ ہوتا ہے سوائے سر درد کے جسے ٹھنڈک پہنچانے سے آرام ملتا ہے۔ (ص47)

### ارجنٹم میٹیلیکم

### Argentum Metallicum

اس دوا کی تکلیفیں عین بارہ بجے، جب سورج نصف النہار پر ہو بڑھ جاتی ہیں چکر آتے ہیں۔ سر کا درد ماتھے اور پیشانی تک محدود رہتا ہے یا پھر سر کے کسی ایک طرف مقام بنا لیتا ہے۔ جو زیادہ تر دائیں طرف ہوتا ہے آہستہ آہستہ بڑھتا ہے لیکن یکدم ختم ہو جاتا ہے اس درد کا چہرے کی اعصابی دردوں سے بھی تعلق ہے کیونکہ یہ بنیادی طور پر اعصابی دوا ہے اور سر درد کا بھی اعصاب سے تعلق ہے۔ (ص74)

### آرسینک آئیوڈائڈ

### Arsenic Iodide

اس دوا میں سر کے پیچھے گدی میں درد اور کمر میں جلن کی علامت پائی جاتی ہے۔ (ص103)

### آرم میٹ

### Aurum Metallicum

آرم میٹ میں شدید سر درد ہوتا ہے۔ جس کے ساتھ یہ احساس ہوتا ہے کہ گویا ہوا چل رہی ہے۔ سر درد کے دوران چہرہ سوج جاتا ہے اور کھچاؤ کی وجہ سے چہرے پر چمک سی آجاتی ہے۔ (ص113)

### بیلا ڈونا Bella Dona

بیلا ڈونا کی ایک علامت جلسیمیم سے مشابہ ہے مریض کے سر درد کو پیچھے کی طرف سر جھکانے سے آرام آتا ہے اور اگر سامنے کی طرف جھکائیں تو تکلیف بڑھتی ہے لیکن اس میں بعض دفعہ استثناء بھی ہوتے ہیں۔ ایسے مریض کو بیلا ڈونا یا جلسیمیم دینا چاہئے۔ (ص139)

عام طور پر بیلا ڈونا وقتی بیماری کی دوا ہے۔ جو تکلیف فی الفور آئے اور فوراً کافور بھی ہو جاتی ہے لیکن کبھی کبھی سر درد ختم ہونے کے بعد کئی کئی دن سر میں بوجھل پن اور تھکاوٹ کا احساس رہتا ہے۔ بال کٹوانے اور حجامت بنوانے سے بھی سر میں درد شروع ہو جاتا ہے۔ (ص139)

### بنزوئیک ایسڈ

### Benzoicum Acid

اس دوا میں سر میں چکر آتے ہیں اور کسی ایک طرف گرنے کا خوف رہتا ہے۔ سر درد ہوا کے جھونکوں۔ سردی لگنے اور سر کو ننگا کرنے سے بڑھ جاتا ہے۔ کنپٹیوں کی شریانوں میں گرمی کا احساس جس کی وجہ سے کانوں کے اردگرد سوزش والی پھپھلی ورم ہو جاتی ہے۔ سر درد کے ساتھ متلی اور قے کا رجحان بھی ہوتا ہے سر پر ٹھنڈا پسینہ آتا ہے ہاتھ بھی ٹھنڈے ہو جاتے ہیں...... سر درد گدی سے شروع ہوتا ہے۔ (ص146)

### بربرس Berberus Vulgaris

سر کے اوپر کسی چیز کے لپٹنے کا احساس ہوتا ہے گلونائن میں بھی سر پر پٹی بندھی ہونے کا احساس ہوتا ہے۔ ٹوپی اور بند کالر ناقابل برداشت ہوتے ہیں لیکن بربرس میں سر پر کچھ بھی نہ ہو پھر بھی کچھ بندھے ہونے کا احساس ہوتا ہے۔ (ص151)

### برائی اونیا Bryonia

برائی اونیا کے مریض کے سر درد کو سردی سے آرام آتا ہے۔ درد عموماً سر کے پچھلے حصہ میں یا ماتھے میں ہوتا ہے۔ (ص166) برائی اونیا کا سر درد لازماً گدی۔ ماتھے یا آنکھوں میں اپنا مقام بناتا ہے۔ اگر آنکھوں میں ٹھہر جائے تو بہت شدت اختیار کر لیتا ہے درد کی لہریں اٹھتی ہیں۔ (ص167)

### کلکیریا آرس

### Calcarea Ars

اگر خون کا دباؤ اچانک سر کی طرف زیادہ ہو جائے اور چکر آنے لگیں اور توازن برقرار نہ رہے۔ ساتھ تشنجی کیفیت بھی ہو تو کلکیریا آرس اس میں بھی مفید ہے پرانے اور ضدی سر درد میں کلکیریا آرس بھی کام آسکتی ہے۔ اگر کسی اور دوا سے فائدہ نہ ہو تو کلکیریا آرس کو بھی استعمال کر کے دیکھ لینا چاہئے اس کے سر درد کی علامت سمی سی فیوجا (Cimicifuga) سے بالکل الٹ ہے۔ سمی سی فیوجا میں ماؤف حصہ کے بل لیٹنے سے درد میں اضافہ ہو جاتا ہے بلکہ بعض دفعہ دکھتے حصہ کو دبانے سے اعصاب بھی پھڑکنے لگتے ہیں۔ کلکیریا آرس میں جس کروٹ مریض لیٹے گا اس کے مخالف سمت درد شروع ہو جائے گا اگر دائیں طرف لیٹے گا تو سر درد کا حملہ بائیں طرف ہو جائے گا جب بائیں طرف سر رکھے گا تو دائیں طرف منتقل ہو جائے گا یہ کلکیریا آرس کی خاص علامت ہے۔ جس پرانے سر درد میں یہ علامت پائی جائے اس میں کلکیریا آرس بہت موثر ثابت ہو گی اس کے علاوہ کوئی واضح علامت ایسی نہیں ہے جو کلکیریا آرس کے سر درد کا خاصہ ہو۔

(ص189)

### کلکیریا کارب

### Calcarea Carb

سر درد روشنی سے بڑھتا ہے دن کے وقت رات کی نسبت زیادہ سر درد ہوتا ہے۔ گریفائٹس کا سر درد بھی روشنی سے بڑھتا ہے کیونکہ دونوں میں

کاربن کا عنصر موجود ہے کاربوویج میں بھی یہی علامت ہے۔ سردرد میں ٹھنڈی ٹکور سے آرام محسوس ہوتا ہے۔ (ص 195)

## کلکیریا فاس

## Calcarea Phos

اس دوا میں سردرد بہت شدید ہوتا ہے۔ سر گرم محسوس ہوتا ہے۔ اور بالوں کی جڑوں میں درد ہوتا ہے۔ (ص 207)

## کیمفر (Camphora)

کیمفر کا سردرد سارے سر میں نہیں ہوتا بلکہ یا تو سر کی پشت پر شروع ہوگا یا پیشانی پر۔ وہ سردرد جو سر کے پیچھے اور گردن کے نچلے حصہ میں محدود ہو نیز دھڑکن بھی پائی جائے اس کا کیمفر سے علاج ممکن ہے۔ (ص 219)

## کینبس انڈیکا

## Cannabis Indica

اس دوا کے مریض کے سر میں لہریں مارتے ہوئے درد کا احساس ہوتا ہے جس کے ساتھ دھڑکن بھی سنائی دیتی ہے۔ گدی میں بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ کنپٹیوں میں بھی دھڑکن کا احساس ہوتا ہے۔
(ص 224)

## کینبس سٹائیوا

## Cannabis Stiva

اس دوا کے مریض کو یہ احساس ہوتا ہے کہ سر کے اوپر یا پچھلی طرف ٹھنڈے پانی کی بوندیں گر رہی ہیں۔ (ص 227)

## کیپسیکم Capsicum

سر یا کوئی اور عضو بڑا محسوس ہونے لگتا ہے سباڈیلا میں بھی یہ علامت ہے۔ کیپسیکم میں دھڑکن کا احساس بھی ہوتا ہے۔ سر میں شدید درد جو آرام کرنے سے زیادہ ہو جاتا ہے اور حرکت کرنے سے کم۔
(ص 234)

## کاربوویج

## Carboveg

اس میں سردرد عموماً گدی میں بیٹھ جاتا ہے جس کا نزلہ سے تعلق ہوتا ہے۔ بالآخر سارے سر میں درد محسوس ہوتا ہے جیسے ہتھوڑے چل رہے ہوں۔ ہتھوڑے چلنے کی یہ علامت نیٹرم میور میں بھی ہے سر کے بال بھی گرنے لگتے ہیں۔ ماتھے پر ٹھنڈا پسینہ آتا ہے۔ (ص 246)

## چیلی ڈونیم

## Chelidonium

اس دوا کے مریض کو گرمی سے سردرد میں اضافہ ہوتا ہے گرم ملکوں میں یہ دوا گرمی کی شدت سے پیدا ہونے والی سردرد میں مفید ثابت ہو سکتی ہے۔

چیلی ڈونیم میں سردرد کے ساتھ غنودگی اور چکر بھی آتے ہیں۔ سر بھاری اور سن ہونے کا احساس بھی ہوتا ہے۔ آگے کی طرف گرنے کا رجحان ہوتا ہے۔ سردرد دائیں طرف کان کے پیچھے کندھے تک پھیل جاتا ہے۔ دائیں کندھے اور سینہ کے دائیں طرف درد ہوتا ہے۔ (ص 276)

## چینینم آرس

## Chininum Ars

رات کے وقت سر میں درد ہوتا ہے۔ نزلے سے بھی سردرد شروع ہو جاتا ہے۔ عموماً جب نزلہ دب جائے تو درد میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ سر میں ہتھوڑے پڑنے کا احساس ہوتا ہے یہ احساس عموماً خون کی کمی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے یہ علامت نیٹرم میور میں بھی نمایاں ہوتی ہے کیونکہ یہ بھی خون کی کمی کی بہترین دوا ہے۔ (ص 285)

## چائنا China

سر میں شدید درد کو جو گردن تک پھیلتا ہے دبانے سے اور گرم کمرے میں آرام ملتا ہے۔ پیشانی میں دھڑکن محسوس ہوتی ہے۔ مریض ہلکا دباؤ برداشت نہیں کر سکتا جبکہ بھرپور دباؤ سے آرام آتا ہے۔ (ص 300)

## سسٹس کینا ڈینسس

## Cistus Canadensis

سسٹس کی ایک خاص علامت یہ ہے کہ روزہ رکھنے سے پیدا ہونے والے سردرد میں بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ لائیکوپوڈیم، برائی اونیا، نکس وامیکا اور جلسیمیم بھی لمبے فاقہ کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے سردرد میں کام آ سکتے ہیں (ص 303)

## کاکولس Cocculus

اگر ذہنی دباؤ کی وجہ سے جسمانی تھکاوٹ ہو یا جسمانی تھکاوٹ کے ساتھ ذہنی دباؤ بھی ہو تو جسم میں بھی کمزوری پیدا ہونے لگتی ہے نیند نہیں آتی۔ ہر وقت فکر اور پریشانی لاحق رہتی ہے جس کی وجہ سے سردرد ہو جاتا ہے۔ چکر۔ متلی اور قے کا رجحان ہوتا ہے۔ حرکت سے تکلیف بڑھتی ہے چلتے ہوئے جھٹکا لگ جائے تو حالت ابتر ہو جاتی ہے۔ ایسے مریض کی علامات میں سفر کے دوران اضافہ ہو جاتا ہے۔ اچانک حرکت سے توازن بگڑ جائے تو کاکولس اول طور پر ذہن میں آنی چاہئے۔ (ص 309)

بیلاڈونا اور گلونائن کی طرح دھوپ میں کام کرنے سے پیدا ہونے والے سردرد میں بھی کاکولس مفید ہے۔ (ص 311)

## کافیا Coffea Cruda

جذبات کے غلبہ کے نتیجہ میں بے ہوشی طاری ہوتی ہے جذبات کی تحریک سے دندل پڑ جانا (بتیسی بند ہو جانا) شدید سردرد، چہرے کے اعصابی درد اور اسہال جاری ہو جانا بھی کافیا کی علامتیں ہیں۔
(ص 316)

## کروٹیلس

## Crotalus Horridus

سردرد اور چکر ادلتے بدلتے رہتے ہیں۔ اگر آرام کرے تو سر میں درد ہونے لگتا ہے اور حرکت سے چکر آتے ہیں۔ سونے سے تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ خصوصیت سے سردرد میں بہت شدت پیدا ہو جاتی ہے اور بعض اوقات سونے سے پہلے درد نہ بھی ہو تو بھی سونے کے کچھ دیر بعد درد کی وجہ سے مریض کی آنکھ کھل جاتی ہے۔ سر اٹھانے سے تکلیف میں بہت اضافہ ہو جاتا ہے، درد کی لہریں سر کے پچھلے حصہ سے آگے کی طرف آتی ہیں اور بہت کمزور ہوتی ہیں۔ (ص 333)

## کیوپرم میٹیلیکم

## Cuprum Metallicum

مرگی کے دوروں سے قبل گدی سے سردرد شروع ہو کر آگے پیشانی میں آتا ہو اور مرگی میں تشنج بھی نمایاں علامت ہو، انگلیوں میں جھٹکے لگتے ہوں اور تکلیف سے مریض کی چیخیں نکل جاتی ہوں نیز دورے کے وقت پیشاب اور پاخانہ خطا ہو جاتا ہو تو کیوپرم اس کا بہترین علاج ہے۔ (ص 342)

## ڈروسرا Drosera

سر خصوصاً پیشانی میں درد ہوتا ہے اور رخسار کی ہڈیوں کے رستے باہر کی طرف پھیلتا ہے۔ کھلی ہوا میں چلنے سے چکر آتے ہیں اور بائیں طرف گرنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ بائیں طرف آدھے چہرے پر شدید سردی کے ساتھ ڈنگ دار دردوں کا احساس اور داھنے چہرے پر خشکی اور گرمی کا احساس بھی ڈروسرا کی امتیازی علامت ہے۔ (ص 360)

## ڈلکامارا Dulcamara

ڈلکامارا میں سردرد کی علامت سردی اور مرطوب موسم میں بڑھ جاتی ہے آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے۔ سر میں بھاری پن اور کنپٹیوں میں درد ہوتا ہے۔ (ص 365)

## یوفریزیا Euphrasia

نزلہ کے ساتھ سردرد کا حملہ بھی ہوتا ہے۔ (ص 375)

## فیرم فاس

## Ferrum Phosphoricum

سردرد میں ٹھنڈی ہوا سے فائدہ ہوتا ہے۔ سیڑھیاں چڑھنے سے سردرد شدت اختیار کر جاتا ہے اور بعض دفعہ نظر آنا بھی بند ہو جاتا ہے۔ دراصل یہ بھی خون کی کمی اینیمیا (Anaemia) کی نشانی ہے۔ خون کی کمی ہو تو ایک دم اٹھنے سے اور سیڑھیاں چڑھنے سے خون نیچے کی طرف آتا ہے اور سر کو پوری طرح خون نہیں پہنچتا۔ اگر سر میں درد ہو تو اس صورت میں اس میں اضافہ ہو جاتا ہے آنکھوں کے اوپر، گدی میں، کنپٹیوں پر اور آدھے سر میں پھاڑنے والے سردرد ہوتے ہیں نظر بھی (عارضی طور پر) غائب ہو جاتی ہے۔

پرخون دواؤں کی فہرست میں **جلسیمیم** میں بھی یہ علامت ملتی ہے کہ سردرد کے دورے کے ساتھ اچانک نظر غائب ہو جاتی ہے خون کا دباؤ زیادہ ہو جائے تو بیلاڈونا میں بھی یہ علامت پائی جاتی ہے مگر فیرم فاس میں خون کی کمی کی وجہ سے اور سر میں خون نہ پہنچنے کے نتیجہ میں وہی اثر ظاہر ہوتا ہے جو پرخون دواؤں میں خون کا دباؤ بڑھ جانے سے ہوتا ہے۔ اور نظر غائب ہو جاتی ہے۔ (ص 385)

## فلورک ایسڈ

## Flouricum Acidicum

بعض لوگوں کے سر کی جلد سن ہو جاتی ہے۔ حس ختم ہو جاتی ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے کہ سر کا پچھلا حصہ لکڑی سے بنا ہوا ہے اس تکلیف میں فلورک ایسڈ بہترین دوا ہے۔ (ص 392)

## جلسیمیم Gelsemium

نیٹرم میور کے سردرد میں سارے سر پر ہتھوڑے برسنے کا احساس ہوتا ہے جبکہ جلسیمیم کا سردرد عموماً گدی سے تعلق رکھتا ہے۔ گدی کے حصہ میں درد کی چوٹیں پڑنے کا احساس ہوتا ہے بائیں طرف کا سردرد جو گدی میں آ کر ٹھہر جائے یا گردن میں جائے اس میں جلسیمیم بہت موثر ہے اس کے علاوہ اوناسموڈیم بھی بہت مفید ہے۔ دونوں کو ملا کر میگرین یعنی درد شقیقہ میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ (ص 398)

## گلونائن Glonoine

مریض........ گرمی کو برداشت نہیں کر سکتا۔ اس کے نتیجہ میں درد سے سر پھٹنے لگتا ہے جگہ جگہ چوٹیں پڑتی ہیں اور دھماکے ہوتے ہیں جیسے کوئی سر کو ہتھوڑوں سے کوٹ رہا ہو گلونائن لو لگنے سے بچنے کے لئے چوٹی کی دوا ہے۔ (ص 401)

اس کی ایک علامت یہ ہے کہ تکیہ پر سر رکھتے ہی سر پھٹنے لگتا ہے۔ دل پر بھی دباؤ محسوس ہوتا ہے۔ (ص 402)

جاری ہے

اپنے اپنے تاثرات بیان کریں جس میں احباب نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور مختصر تقاریر کیں۔

جلسہ کے دونوں روز مکرم Francis K. Faiyah افسر جلسہ گاہ و سٹیج سیکرٹری نے بڑے احسن رنگ میں اپنے فرائض سرانجام دئے اور ان کی کمپیئرنگ کا انداز بڑا منفرد تھا۔

حاضرین جلسہ کے تاثرات کے بعد مہمان خصوصی مکرم الحاجی جینکیز سکاٹ سابق منسٹر آف جسٹس اور موجودہ لیگل ایڈوائزر آف پریذیڈنٹ آف لائبیریا نے خطاب کیا جس میں انہوں نے جماعت احمدیہ کی خدمات کو سراہا اور جماعت کی امن پسندی اور انسان دوستی کو خاص طور پر قابل تقلید ٹھہرایا۔

آخر پر مکرم امیر و مشنری انچارج لائبیریا نے اختتامی خطاب فرمایا اور اختتامی دعا کروائی۔

واپسی سے پہلے جلسہ کے سب مہمانوں کو کھانا کھلایا گیا۔ مہمانوں کے واپس جانے کے لئے بسوں کا انتظام پہلے سے موجود تھا۔ بومی کاؤنٹی کے مہمانوں کی اکثریت اس دن واپس چلی گئی جبکہ کیپ ماؤنٹ کاؤنٹی کے مہمان اگلے دن واپس گئے۔

عورتوں کے سونے کا انتظام علیحدہ طور پر بیت الذکر کی بالائی منزل میں تھا۔ رات کے وقت ایک عورت کا بچہ زور زور سے رو رہا تھا اور چپ نہیں کرتا تھا۔ شاید اسے بھوک لگی ہوئی تھی۔ مکرم امیر صاحب کی ہدایت پر اس کے لئے دودھ کا انتظام کیا گیا۔ جب بچے کی ماں اور دیگر عورتوں نے یہ دیکھا تو بہت حیران اور مشکور ہوئیں کہ جماعت احمدیہ کس طرح باریک نظر سے مہمان نوازی کرتی ہے۔

## جلسہ سالانہ کے اثرات

جماعت احمدیہ لائبیریا کا جلسہ سالانہ یہاں کے رسم و رواج کے اعتبار سے اپنی نوعیت کا انوکھا اجتماع تھا جس میں نہ ڈانس تھا نہ گانا بجانا' نہ سازندہ تھا نہ سارنگی۔ جس کی راتیں بھی ذکر الٰہی سے معمور تھیں اور دن بھی حمد الٰہی سے سرشار۔ اس کا آنے والے تمام مہمانوں پر بہت ہی خوشگوار اثر پڑا۔

بومی کاؤنٹی کے ایک پیراماؤنٹ چیف جنہیں مکرم امیر صاحب نے جلسہ پر آنے کی دعوت دی تھی باقاعدہ وفد کے ہمراہ تشریف لائے۔ خاکسار کا بھی ان سے تعارف ہوا۔ جاتی دفعہ انہوں نے اپنا ایڈریس خاکسار کو دیا اور مکرم امیر صاحب سے درخواست کی کہ آپ میرے علاقہ میں تشریف لائیں اور لوگوں کو احمدیت سے متعارف کروائیں۔

بومی کاؤنٹی کے ایک اور پیراماؤنٹ چیف سے خاکسار کا کئی بار رابطہ ہوا لیکن ان کا امام نہیں مان رہا تھا۔ جلسہ سے قبل خاکسار نے امام اور پیراماؤنٹ چیف کو اور اہل قریہ کو جلسہ پر آنے کی دعوت دی۔ امام صاحب اور پیراماؤنٹ چیف باقاعدہ وفد کے ساتھ تشریف لائے اور دونوں دن جلسہ کی کارروائی پوری توجہ سے سنی اور جاتی دفعہ کہا کہ آپ آ کر ہماری بیعتیں لے لیں۔

ملک Grand Gedeh County کا دور دراز علاقہ ہے جو آئیوری کوسٹ کے بارڈر پر واقعہ ہے۔ وہاں صرف دو احمدی ہیں۔ وہ اپنے ہمراہ کاؤنٹی کے چند سرکردہ افراد کا وفد لائے جنہوں نے بڑی دلچسپی سے تقاریر سنیں اور جاتی دفعہ مکرم امیر صاحب کو دعوت دی کہ آپ جلد از جلد ہمارے علاقہ کا دورہ کریں۔ حسب دعوت مکرم امیر صاحب نے جلسہ کے فوراً بعد وہاں کا دورہ کیا اور فضا کو احمدیت کے حق میں بدلتے ہوئے پایا۔ الحمد للہ علی ذالک۔

## فرسٹ ایڈ

جماعت احمدیہ کی تاریخ میں خدمت خلق کو ایک خاص اہمیت حاصل رہی ہے۔ چنانچہ جلسہ سالانہ کے موقع پر شعبہ طبی امداد نہایت مستعدی سے مصروف خدمت رہا۔ مریضوں کو مفت دوائیاں مہیا کی جاتی رہیں۔ اس ضمن میں ایلوپیتھی اور ہومیوپیتھی دونوں شعبے متحرک رہے اور مجموعی طور پر 90 مریضوں کا علاج کیا گیا۔

## ذرائع ابلاغ میں جلسہ کا تذکرہ

جلسہ سے چند روز قبل جلسہ سالانہ کا اعلان D.C. T.V اور D.C ریڈیو پر ہوتا رہا۔

جلسہ کے افتتاحی اجلاس کی کارروائی D.C. ریڈیو۔ KISS ریڈیو۔ ELBS ریڈیو اور D.C. ٹیلی ویژن کے نمائندگان نے ریکارڈ کی اور ٹیلی ویژن اور ریڈیو پر قومی خبروں میں بعض حصے نشر کئے۔ اسی طرح جلسہ سالانہ کے دوسرے روز بھی ریڈیو' ٹیلی ویژن اور اخبارات کے نمائندگان تشریف لائے اور سارا پروگرام ریکارڈ کیا۔ پروگرام کی جھلکیوں کے ساتھ امیر صاحب کا خصوصی انٹرویو نشر کیا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس جلسہ کو لائبیریا میں جماعت احمدیہ کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرنے کا موجب بنائے۔ (آمین)

(الفضل انٹرنیشنل 6۔اپریل 2001ء)

☆☆☆☆

# وصایا

## ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی** مقبرہ کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

**مسل نمبر 33448** میں کوثر پروین زوجہ منیر احمد عابد مربی سلسلہ قوم مغل پیشہ خانہ داری عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 3/34 دارالعلوم شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 2001-1-12 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی کانٹے جوڑی وزنی.... مالیتی چار ہزار روپے۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند محترم پانچ ہزار روپے۔ 3۔ رہائشی پلاٹ برقبہ 5 مرلہ واقع.... مالیتی تیس ہزار روپے اور سلائی مشین مالیتی ایک ہزار روپے کل جائیداد مالیتی چالیس ہزار روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ پانچ صد روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ الامتہ کوثر پروین 3/34 دارالعلوم شرقی ربوہ گواہ شد نمبر 1 منیر احمد عابد مربی سلسلہ وصیت نمبر 23084 گواہ شد نمبر 2 ظہیر احمد ابن محمد صدیق مرحوم دارالعلوم وسطی ربوہ

**مسل نمبر 33449** میں عطیۃ النور بنت صدیق احمد منور قوم گل پیشہ طالب علمی عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 3/2 فیکٹری ایریا ربوہ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 2001-4-27 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ دوصد روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ الامتہ عطیۃ النور 3/2 فیکٹری ایریا ربوہ گواہ شد نمبر 1 سلطان بشیر طاہر 5/43 فیکٹری ایریا ربوہ گواہ شد نمبر 2 اللہ یار ناصر دارالعلوم غربی ربوہ

**مسل نمبر 33450** میں امتہ الرؤف زوجہ آصف ادریس صاحب قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 25 سال تقریباً بیعت پیدائشی احمدی ساکن 10/11 دارالصدر غربی ربوہ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 2001-4-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر بذمہ خاوند محترم ایک لاکھ پچاس ہزار روپے اور زیورات طلائی 576 گرام دو لاکھ پچھتر ہزار پانچ سو روپے کل جائیداد مالیتی چار لاکھ پچیس ہزار پانچ سو روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ ایک ہزار روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ الامتہ امتہ الرؤف 10/11 دارالصدر غربی ربوہ گواہ شد نمبر 1 محمود احمد وصیت نمبر 26750 گواہ شد نمبر 2 چوہدری آصف ادریس خاوند موصیہ

**مسل نمبر 33451** میں عطاء القیوم بٹ ولد مکرم عبدالخالق بٹ صاحب پیشہ طالب علمی عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نارتھ کراچی بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 01-1-19 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ پانچ صدر روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد عطاء القیوم بٹ ساکن بی۔106 نارتھ ناظم آباد کراچی گواہ شد نمبر 1 قریشی محمد الیاس نارتھ کراچی گواہ شد نمبر 2 شیخ عبدالرشید وصیت نمبر 15963

**مسل نمبر 33452** میں عمران شہزاد ولد مبشر احمد قوم جوئیہ پیشہ طالب علمی عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مدرسہ چٹھہ ضلع گوجرانوالہ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 2001-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ دوصد روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر

جنرل مشرف سے صدر مملکت کے منصب کا حلف لینے کے خلاف دائر کی گئیں تین مختلف رٹ درخواستیں ابتدائی سماعت میں ہی مسترد کردیں۔

## جسٹس قیوم کی درخواست پر کارروائی مؤخر

ایوان صدر نے لاہور ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس ملک محمد قیوم کی درخواست قبل از وقت ریٹائرمنٹ کی منظوری سپریم کورٹ کے مسٹر جسٹس راشد خان کے استعفے کی وصولی تک موخر کر دی ہے تا کہ بیک وقت کارروائی کی جا سکے اس بارے میں ان سے استفسار کیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ ان کی اطلاع بھی یہی ہے کہ ابھی تک ان کی درخواست منظور نہیں ہوئی۔ مسٹر جسٹس راشد عزیز کے قریبی ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ وہ آئندہ ایک دو روز میں اپنا استعفیٰ صدر مملکت کو بھجوا دیں گے۔

## فرقہ پرست تنظیموں کے اثاثے منجمد کرنے کے لئے ایکٹ میں ترمیم

کسی کی زندگی کو نقصان پہنچانے، املاک تباہ کرنے، مساجد، امام بارگاہوں اور گرجا گھروں پر فائرنگ، خوف و ہراس پھیلانے، مواصلات کے نظام میں خلل ڈالنے اور تاریں کاٹنے کو آئندہ سے دہشت گردی تصور کیا جائے گا۔ وزارت داخلہ نے ترمیمی آرڈیننس 2001ء وزارت قانون اور صوبوں کی مشاورت سے تیار کر لیا ہے۔ جس کی کابینہ نے منظوری دے دی ہے۔ اس ایکٹ کے تحت ریاست کے مفادات کے خلاف کام کرنے والوں کے لئے سخت سزائیں رکھی گئی ہیں۔ فرقہ وارانہ کشیدگی میں ملوث تنظیموں کے بنک اکاؤنٹس منجمد کر دیئے جائیں گے۔ ایسی تنظیموں کے لئے چندہ جمع کرنے ان کی مالی معاونت کرنے، اخلاقی اور سیاسی تعاون کرنے والے کو بھی مجرم تصور کیا جائے گا۔ ایسی جماعتوں پر وفاقی حکومت پابندی لگائے گی یہ رپورٹ روزنامہ خبریں نے 28 جون 2001ء کی اشاعت میں شامل کی ہے۔

## بھارت رضامند

بھارت کل جماعتی حریت کانفرنس کے رہنماؤں کی صدر پرویز مشرف سے ملاقات پر رضامند ہو گیا۔ لہذا حریت رہنما 14 جولائی کو پاکستانی ہائی کمیشن میں صدر مشرف سے ملیں گے۔ وفد کی تشکیل ــ سے حریت رہنماؤں نے سری نگر اور نئی دہلی میں صلاح مشورے کا آغاز کردیا ہے۔

## چینی تنصیبات کو نشانہ بنانے کی تیاریاں

ایک اخباری اطلاع کے مطابق تائیوان خفیہ طور پر ایسے کروز میزائل کی تیاری میں مصروف ہے جو چین کی بیشتر فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانے کے لئے استعمال ہو سکتا ہے۔


حبوب مفید اٹھرا
چھوٹی -/50 روپے - بڑی -/200 روپے
تیار کردہ: ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ
04524-212434 Fax:213966

ہومیوپیتھک ادویات کا با اعتماد مرکز
ایف بی ہومیوپیتھک کلینک اینڈ سٹورز
طارق مارکیٹ ربوہ فون 212750

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ
زر مبادلہ کمانے کا بہترین ذریعہ - کاروباری سیاحتی، بیرون ملک مقیم
احمدی بھائیوں کیلئے ہاتھ کے بنے ہوئے قالین ساتھ لے جائیں
ڈیزائن: بخارا اصفہان، شجرکار، ویجی ٹیبل ڈائز - کوکیشن افغانی وغیرہ
احمد مقبول کارپٹس
مقبول احمد خان آف شکرگڑھ
12 - ٹیگور پارک نکلسن روڈ لاہور عقب شوبرا ہوٹل
042-6306163-6368130 Fax:042-6368134
E-mail:mobi-k@usa.net

آپ کی بہترین چوائس
مریم میڈیکل سنٹر ربوہ
الٹراساؤنڈ جدید کنویکس پراب مشین اور بڑی سکرین کے ساتھ ماہر لیڈی ڈاکٹر کی زیرنگرانی
کلینیکل پتھالوجیکل اینڈ ہارمون لیب ای سی جی
میڈیکل - سرجیکل - نیز زچہ بچہ سنٹر 24 گھنٹے ایمرجنسی سروس - خدمت کے جذبہ کے تحت
مریم میڈیکل سنٹر یادگار چوک فون 213944


